HBL HABIB BANK حبیب بینک

# Deposit Slip
Customer Copy

| | | | |
|---|---|---|---|
| Branch: 1372 | | Date (DDMMYYYY): | 04062025 |
| Account Title اکاؤنٹ ہولڈر کا نام | PPRA | | |
| IBAN: آئبین | PK _ _ HABB 0004540013100701 | | |
| Currency: ☐PKR ☐USD ☐EURO ☐GBP ☐JPY ☐Others | | ☐Intercity ☐Within city ☐Same Branch | |
| Credit Card No. | ____ - ____ - ____ - ____ | | |

| ☐ CASH نقد | | AMOUNT رقم |
|---|---|---|
| BANK / BRANCH بینک / برانچ | CHEQUE/INSTRUMENT NO. چیک نمبر | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | TOTAL AMOUNT کل رقم | 15000/- |

Total Amount in Words: Fifteen thousand only مبلغ

Commission (if any) ______

Depositor's Name جمع کنندہ کا نام: Farooq Saddiq

Contact No. ٹیلیفون نمبر: 0300-6046702

Depositor's CNIC No. جمع کنندہ کا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر: 38403-2069126465-3 (For non-HBL/Walk-in Customers. Also attach CNIC Copy)

Depositor's Account No. جمع کنندہ کا اکاؤنٹ نمبر: ______ (For HBL Customers / Account Holders)

Online Cash Deposit
Branch: 1372-COLLEGE ROAD. SARGOD
Account:PUBLIC PROCUREM Date' 2025-06-04
IBAN PK17HABB0004540013100701
Amount ***********15,000.00 PKR
Charges *************725.00
Teller ZR60 49 Time 10.26.26.986000

Received By: وصول کنندہ

Depositor's Signature دستخط جمع کنندہ

(As per Terms & Conditions on reverse) (Not official unless validated)

31783154

CamScanner

MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPARTMENT
CANTONMENT BOARD SARGODHA
Ph No.048-9230202, 9230203, 9230207, Fax 048-9230201
Email: cb.sargodha@yahoo.com Websitewww.cbsargodha.gov.pk

No.CBS/Tax/Parking Fee/ 281/275 Dated: 29 May, 2025.

To

Mr. Rizwan Mehmood,
Dy. Director (IT/Web),
Public Procurement Regulatory Authority,
1st Floor FBC Building, Near State Bank,
Sector G-5/2, Islamabad.

Subject: - **SARGODHA CANTT – PUBLICATION OF AUCTION NOTICE.**

The attached public notice may please be arranged to be published at PPRA website on 04th June 2025.

2. Therefore, it is requested that same may please by published on the above said date and forward your bill to this office for payment purpose.

**Cantonment Executive Officer,**
**Sargodha Cantt.**

Encl: As Above

Copy to:-

1. Master File

# دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا چھاؤنی

## اطلاع عام نیلام حقوق وصولی پارکنگ فیس کار، جیپ، موٹر سائیکل وغیرہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا حقوق وصولی پارکنگ فیس (سائیکل اسٹینڈ نیشنل بنک کلب روڈ، نیازی وی آئی پی، نیازی میڈیکل کمپلیکس، الرحمان پلازہ، چین ون ٹاور اور Xin مال ایم ایم عالم روڈ) برائے مدت ایک سال از 01 جولائی 2025 تا 30 جون 2026 کے لئے نیلام کر رہا ہے۔ بولی مورخہ 19 جولائی کو 11 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کلب روڈ سرگودھا میں کر رہا ہے۔ اگر مقررہ تاریخ پر بولی کامیاب نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی مورخہ 20 جولائی کو ہو گی اور دوسری بولی بھی کامیاب نہ ہو سکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 23 جولائی کو ہو گی اور اس بارے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا دلچسپی رکھنے والے حضرات نیلامی میں شرکت فرما کر بھرپور فائدہ اٹھائیں

**شرائط و ضوابط برائے نیلام عام:۔**

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 05 لاکھ روپے بشکل کال ڈیپازٹ کسی بھی شیڈول بینک سے بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سرگودھا چھاؤنی ہمراہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع کروانا ہو گی۔

۲۔ ناکام بولی دہندگان کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ نیلام عام کی کاروائی کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ مزید برآں دوسرے نمبر پر موجود بولی دہندہ کو زر ضمانت بولی کے سات یوم بعد واپس کیا جائے گا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا چوتھائی 1/4 حصہ موقع پر بطور زر ضمانت جمع کرانے کا پابند ہو گا جو کہ ٹھیکہ کی احسن تکمیل مدت کے بعد ٹھیکیدار کو واپس کر دی جائے گی مذکورہ سیکورٹی کی رقم بولی کی رقم میں ایڈجسٹ نہ ہو گی۔ موقع پر بولی کی مجموعی رقم کا 1/4 حصہ جمع کروانے میں ناکامی کی صورت میں بولی دہندہ کا زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر موجود زیادہ بولی دینے والے بولی دہندہ کو کامیاب بولی کی رقم کا 1/4 حصہ جمع کروانے کو کہا جائے گا اور اگر وہ بھی ایسا کرنے میں ناکام رہا تو اس کا بھی زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا اور مذکورہ بولی/ نیلامی منسوخ کر دی جائے گی اس سلسلے میں کوئی عذر/ اعتراض یا اپیل قابل قبول نہ ہو گی۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم 12 یکساں اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہو گا جو کہ 01 جولائی 2025 تا جون 2026 تک جمع کروانا ہو گی۔ نیز ماہ جولائی 2025 کی پہلی قسط ایڈوانس جمع کرانا ہو گی اس کے علاوہ باقی قسطیں ہر ماہ کی 15 تاریخ تک جمع کرانا ہوں گی۔ اگر ٹھیکیدار 30 تاریخ تک قسط جمع کروانے میں ناکام رہا تو ٹھیکہ بغیر مزید نوٹس کے کینسل تصور ہو گا اور اگر کوئی رقم ٹھیکیدار کے ذمے باقی رہتی ہو گی تو وہ رقم قانونی کاروائی/ محکمہ مال کے ذریعے اُس کی ذاتی جائیداد یا اُس کے وارثان کی جائیداد یا اُس کے منظور شدہ ایجنٹ کی جائیداد سے وصول کی جائیگی۔

۵۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کیلیے متعلقہ شخص کی طرف سے مصدقہ مختار نامہ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی مہیا کرنا ہو گی۔

۶۔ ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کا انکم ٹیکس محکمہ انکم ٹیکس FBR کو مروجہ انکم ٹیکس ریٹس کے حساب سے اپنی گرہ سے ایڈوانس ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

۷۔ ٹھیکیدار درج ذیل شرح سے فیس وصول کرنے کا مجاز ہو گا زائد وصولی ہرگز نہیں کرے گا اور زائد وصولی کرتے پایا گیا تو کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکیدار کو جرمانہ کرنے یا ٹھیکہ کینسل کرنے کا مجاز ہو گا۔ i. سائیکل فری ii. موٹر سائیکل 10 روپے iii. کار جیپ وغیرہ 20 روپے

۸۔ ٹھیکیدار فیس کی وصولی کیلیے ایجنٹس/ ورکرز کی کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سے تحریری طور پر اُن کے مکمل کوائف کے ساتھ منظوری لے گا ان کے علاوہ کوئی شخص وصولی نہیں کر سکے گا ٹھیکیدار ورکرز/ ایجنٹس کی تنخواہ/ اُجرت خود ادا کرے گا۔

۹۔ ٹھیکیدار مذکورہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کو مزید ٹھیکہ پر نہیں دے گا اور نہ ٹھیکہ کسی دوسرے شخص کے نام پر بغیر مجاز اتھارٹی تبدیل کروا سکے گا۔ نیز یہ کہ ٹھیکیدار پارکنگ اسٹینڈ کے علاوہ کوئی دوسرا کاروبار نہ کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۰۔ ٹھیکیدار پارکنگ اسٹینڈ کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا خود ذمہ دار ہو گا۔ جس کو محکمہ کینٹ بورڈ چیک کر سکتا ہے اور ناکامی کی صورت میں جرمانہ بھی عائد کر سکتا ہے جس کو ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۱۔ کسی بھی ایونٹ/ غیر متوقع حالات/ گاڑیوں کی رکاوٹ/ ہڑتال کی صورت میں ٹھیکیدار کلیم نہیں کر سکے گا۔

۱۲۔ کنٹونمنٹ بورڈ وقتاً فوقتاً کسی قسم کی ہدایات جاری کر سکتا ہے جس پر ٹھیکیدار کا عمل کرنا لازمی ہو گا۔

۱۳۔ مذکورہ بالا شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں محکمہ کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکہ کینسل کر کے قبضہ حاصل کرنے کا مجاز ہو گا اور جمع شدہ اقساط بمعہ سیکورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ بغیر کوئی نوٹس دیے ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکیدار کسی بھی عدالت میں جانے کا مجاز نہ ہو گا۔

۱۴۔ کینٹ بورڈ اور ٹھیکیدار کے درمیان اگر کوئی تنازعہ ہوتا ہے تو ٹھیکیدار عدالت میں نہیں جائے گا بلکہ بطور ثالث ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ملتان ریجن ملتان کو کیس دائر کرے گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا اور دونوں فریقین اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ اس فیصلے کے بعد ٹھیکیدار کسی عدالت میں رجوع نہ کر سکے گا۔

۱۵۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر PPRA رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

۱۶۔ ٹھیکیدار کو اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ سرگودھا کے ساتھ نان جوڈیشل اشٹام پیپرز پر تحریری معاہدہ بھی کرنا ہو گا۔

۱۷۔ کنٹونمنٹ بورڈ کے نادہندگان بولی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔

۱۸۔ نیلامی قواعد و ضوابط PPRA رولز 2004 کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔ نیز نوٹس ہذا PPRA ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۹۔ نیلامی بارے مزید تفصیلات/ معلومات کے لیے دوران اوقات کار رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سرگودھا چھاؤنی

CamScanner